**11.07.2025**

**13.50 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... اسلم بیگ

**Music**

1 قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے کہا ہے کہ آپریشن سندور سے بھارت کی، ملک ہی میں تیار کی گئی جدید ترین ٹیکنالوجی کی عکاسی ہوتی ہے۔ بھارت نے محض 28 منٹ میں پاکستان میں نو ٹھکانوں پر حملے کئے۔

2 IMF نے UPI کی تعریف کی ہے۔ اس نے کہا ہے کہ اس سے بھارت، ادائیگیوں کے تیز رفتار لین دین کے میدان میں عالمی قائد بن گیا ہے۔

3 محکمہ موسمیات نے راجستھان، مدھیہ پردیش اور اترپردیش میں الگ الگ جگہوں پر شدید سے بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

4 کرکٹ میں، لارڈز میں تیسرے ٹیسٹ میں، انگلینڈ، بھارت کے خلاف پہلی اننگز میں اپنے کل کے اسکور چار وکٹ کے مقابلے 251 رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔

5 اور...... ومبلڈن ٹینس میں، لندن میں مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنلز میں نوواک جوکووچ اور کارلوس الکاراز اپنے کھیل کا مظاہرہ کریں گے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**IIT-NSA**

قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے کہا ہے کہ بھارت، ملک ہی میں تیار کی گئی ٹیکنالوجی کا استعمال کرکے، آپریشن سندور میں کامیاب رہا ہے۔ اس ٹیکنالوجی کی وجہ سے سرحد پار پاکستان میں محض 28 منٹ کے وقت میں نو - دس ٹھکانوں پر وار کئے گئے۔

آج IIT مدراس کے، تقسیم اسناد کے 62 ویں سالانہ جلسے سے اپنے خطاب میں انھوں نے کہا کہ آپریشن سندور کے دوران بھارتی فوج کے پاس میدان جنگ میں برہموس، مربوط فضائی کمان نظام اور راڈار موجود تھے۔

**S/B Ajit Doval on Operation**

قومی سلامتی کے مشیر نے کہا کہ ہزاروں برس میں یہ ایک ایسا قیمتی دور ہے، جس سے ملک کے نوجوان محروم نہیں رہ سکتے۔

انھوں نے طلبا اور نوجوانوں سے کہا کہ وہ ٹیکنالوجی کی ایجاد کرکے اور وسائل کا استعمال کرکے، بھارت کو 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بنائیں۔ ان وسائل میں کمیاب زمینی معدنیات، مصنوعی ذہانت AI اور کوانٹم کمپیوٹنگ شامل ہیں۔

**S/B Ajit Doval**

**JPC- One Nation One Election**

'ایک ملک ایک الیکشن' سے متعلق مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کی میٹنگ اِس وقت پارلیمنٹ ہاؤس میں جاری ہے۔ 39 رُکنی اس کمیٹی میں 27 ارکان لوک سبھا اور 22 راجیہ سبھا کے ہیں۔ یہ میٹنگ آئین میں کی گئی 129 وِیں ترمیم کے بل 2024 اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے قوانین میں ترمیم کے بل 2024 کا جائزہ لینے کے وسیع تر عمل کا حصہ ہے، جس کا مقصد لوک سبھا اور ریاستی اسمبلیوں میں ایک ساتھ انتخابات کرانے کے لئے ماحول سازگار کرنا ہے۔

کمیٹی کی قیادت بی جے پی ممبر پارلیمنٹ پی پی چودھری کررہے ہیں۔ وہ اس بات چیت کے حصے کے طور پر قانون کے ماہرین کے ساتھ صلاح و مشورہ کررہے ہیں۔

**S/B P. P. Choudhry**

میٹنگ میں بھارت کے سابق چیف جسٹس، جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ اور جسٹس جگدیش سنگھ کھیہر، کمیٹی کے سامنے ایک پرزنٹیشن دیں گے۔ یہ پرزنٹیشن ملک میں ایک ساتھ انتخابات کرائے جانے سے متعلق ہوگا۔

بی جے پی ممبر پارلیمنٹ انوراگ ٹھاکر، کانگریس ممبر پارلیمنٹ پرینکا گاندھی واڈرا، ساجوادی پارٹی کے ممبر پارلیمنٹ دھرمیندر یادو اور دیگر شخصیتیں میٹنگ میں شرکت کررہی ہیں۔

ملک میں ایک ساتھ انتخابات کرائے جانے کا خیال نیا نہیں ہے۔ آئین کو اختیار کئے جانے کے بعد سے ہی لوک سبھا اور سبھی ریاستی قانون ساز اسمبلیوں کے انتخابات 1951 سے 1967 کے درمیان ایک ساتھ کرائے گئے تھے۔ البتہ اس سلسلے میں کچھ ریاستی قانون ساز اسمبلیوں کو، قبل از وقت تحلیل کئے جانے کی وجہ سے 1968 اور 1969 میں رُکاوٹ آگئی تھی۔x

**IMF Note**

بین الاقوامی مالیاتی فنڈ IMF نے اپنے بیان میں زور دے کر کہا ہے کہ بھارت، UPI کا بڑے پیمانے پر استعمال کرنے کی وجہ سے، دنیا میں کسی بھی دیگر ملک کے مقابلے رقوم کا لین دین زیادہ تیزی سے کررہا ہے۔ IMF نے اپنے بیان میں کہا ہے

کہ UPI کی وجہ سے، بھارت میں رقوم کے ڈیجیٹل لین دین کا منظر نامہ یکسر بدل گیا ہے۔
اس بیان میں، جس کا عنوان ہے 'بڑھتی ہوئی خردہ ڈیجیٹل ادائیگیاں: مربوط طریقے سے کئے جانے والے کام کاج کی اہمیت' کہا گیا ہے کہ 2016 میں جب سے UPI کا آغاز ہوا ہے، اُس وقت سے اب تک رقوم کے ہر مہینے 18 ارب سے زیادہ لین دین کئے جاچکے ہیں۔x

**PM Rozgar Mela**

وزیر اعظم نریندر مودی ہفتے کے روز ویڈیو کانفرنس کے ذریعے سرکار کے مختلف شعبوں اور تنظیموں میں ملازمت حاصل کرنے والے 51 ہزار سے زیادہ نوجوانوں کو تقرری نامے تقسیم کریں گے۔ وزیر اعظم اِس موقعے پر ملازمت حاصل کرنے والوں سے خطاب بھی کریں گے۔ پورے ملک کے 47 مقامات پر یہ 16 واں روزگار میلہ منعقد کیا جائے گا۔ مرکزی حکومت کی وزارتوں اور شعبوں میں یہ تقرریاں کی جارہی ہیں۔ پورے ملک سے یہ نئی تقرریاں حاصل کرنے والے نوجوان ریلوے کی وزارت ، وزارت داخلہ، وزارت صحت اور خاندانی بہبود، مزدوری اور ملازمت اور ڈاک کے محکمے سمیت دیگر شعبوں اور وزارتوں میں شامل ہوں گے۔ پورے ملک میں روزگار میلوں کے ذریعے اب تک 10 لاکھ سے زیادہ تقرری نامے جاری کئے جاچکے ہیں۔

**RBI Notes**

بھارتیہ ریزرو بینک کے گورنر سنجے ملہوترہ نے وضاحت کی ہے کہ اگرچہ دو ہزار روپے کے کرنسی نوٹ استعمال میں نہیں ہیں، لیکن ان کی قانونی حیثیت برقرار ہے۔ انھوں نے یہ بیان بھارتی معیشت کی ترقی کے بارے میں، مالیے سے متعلق پارلیمانی قائمہ کمیٹی کو جانکاری دیتے ہوئے دیا۔
بہت سے ارکان پارلیمنٹ نے، پارلیمانی کمیٹی کے میٹنگ کے دوران دو ہزار روپے کے نوٹوں کی حیثیت کے بارے میں سوال کیا تھا۔ RBI نے ان نوٹوں کو ابھی تک غیر مجاز قرار نہیں دیا ہے۔

**Axiom-4 NASA**

NASA نے اعلان کیا ہے کہ Axiom-4 مشن کے تحت بھارتی خلاء باز گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا اور عملے کے دیگر تین ارکان کی واپسی کا سفر 14 جولائی کو شروع ہوگا۔ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے NASA کے کمرشیل Crew پروگرام کے منیجر Steve Stitch نے کہا کہ بین الاقوامی خلائی اسٹیشن سے Undocking کا عمل 14 جولائی کو ہوگا۔

**Population Day NADDA**

آبادی کے عالمی دن کے موقعے پر آج مرکزی وزیرِ صحت جگت پرکاش نڈا نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں کہا ہے کہ یہ دن ایک پلیٹ فارم ہے جہاں خاندانی منصوبہ بندی کے بارے میں بیداری پیدا کرنے اور آبادی سے متعلق چیلنجوں کو حل کرنے کے لئے بھارت کے عزم کو ایک نئی طاقت دی جاتی ہے۔

**Punjab Vidhan Sabha Session**

پنجاب آسمبلی کے دو روزہ خصوصی اجلاس میں مزید دو دن کیلئے توسیع کی گئی ہے۔ پنجاب ودھان سبھا کے اسپیکر گلتار سنگھ سَندھواں نے دوسرے روز کے اجلاس کے دوران اِس بات کا اعلان کیا۔

**Coast Guard Rescue Us Vessel**

بھارتی ساحلی محافظ دستے نے آج انڈمان نکوبار جزیرے کے جنوب مشرق میں 52 سمندری میل دور پھنسے ہوئے دو امریکی شہریوں کو بچالیا ہے۔

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آج مشرقی راجستھان اور مدھیہ پردیش میں الگ الگ جگہوں پر شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق آج اروناچل پردیش، چھتیس گڑھ، ہریانہ، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش، جھارکھنڈ، پنجاب، اترپردیش، اتراکھنڈ اور وِدربھ میں شدید بارش کا امکان ہے۔

**Test Cricket**

کرکٹ میں لارڈس میں اینڈرسن-تینڈولکر ٹرافی سیریز کے تحت تیسرے ٹیسٹ میچ کے آج دوسرے دن میزبان انگلینڈ کل کے اسکور چار وکٹ پر 251 رن سے آگے کھیلنا شروع کرے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ کل پہلے دن کا کھیل ختم ہونے پر انگلینڈ کی پوزیشن مضبوط تھی اور Joe Root، 99 رن بناکر، جبکہ Ben Stokes، 39 رن بنا کر کھیل رہے تھے۔ x

**Wimbledon**

ویمبلڈن ٹینس میں آج شام لندن میں مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں چھٹے درجے کے کھلاڑی اور سات مرتبہ کے چمپئن Novak Djokovic کا مقابلہ اعلیٰ درجے کے کھلاڑی اِٹلی کے Jannik Sinner سے ہوگا۔ 28 سال کے سربیا کے

کھلاڑی جوکووچ اگر دو میچ جیت جاتے ہیں تو یہ ان کا 25 واں گرینڈ سلیم خطاب ہوگا۔

☆☆☆